Maulana Azad National Urdu University

Generic Elective (All P.G. Programme) Semester Examination, August 2021

Paper - PGUR201GET : Premchand

پرچہ: پریم چند

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. پریم چند کی فکر پر گاندھیائی فکر کے اثرات پر گفتگو کیجیے۔
2. پریم چند کے عہد کی سماجی، سیاسی اور معاشرتی صورت حال پر روشنی ڈالیے۔
3. افسانہ 'بڑے گھر کی بیٹی' میں کردار نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
4. پریم چند کے افسانوں میں اصلاحی موضوعات پر اظہار خیال کیجیے۔
5. افسانہ 'نمک کا داروغہ' کا تجزیہ کیجیے۔
6. 'کفن' کو پریم چند کا شاہکار افسانہ کیوں کہا جاتا ہے۔
7. افسانہ 'نجات' میں مذہبی رہنما اور غریب مزدور دونوں میں نجات کسے حاصل ہوئی۔
8. 'عیدگاہ' میں عید کے دن جب تمام بچے کھلونے خرید رہے تھے تو حامد نے چمٹا کیوں خریدا۔
9. پریم چند کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔
10. پریم چند نے اپنی کہانیوں میں ہندوستان میں رائج طبقاتی نظام اور اس کے ذریعے پیدا ہونے والے مسائل کو پیش کیا ہے۔ مثالوں سے واضح کیجیے۔

حصہ دوم

11. پریم چند کی ناول نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔
12. پریم چند کے حالات زندگی پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔
13. پریم چند کو اردو افسانہ کا باوا آدم کہا جاتا ہے۔ اس قول کی تائید یا تردید میں مدلل بحث کیجیے۔
14. ناول 'نرملا' میں پریم چند نے جہیز کی وجہ سے پیدا ہونے والے سماجی مسائل کو موضوع بنایا ہے۔ مدلل گفتگو کیجیے۔
15. پریم چند کے فکشن میں دیہی زندگی کی عکاسی پر اظہار خیال کیجیے۔

☆☆☆